SMILE SQUAD™

والدین کے لیے معلوماتی گائیڈ

dental health services victoria

VICTORIA State Government

مزید معلومات حاصل کریں

سمائل سکواڈ کا مطلب ہے کہ ہر بچے کی
مسکراہٹ صحتمند ہو سکتی ہے
smilesquad.vic.gov.au پر مزید معلومات حاصل کریں

dental health services victoria

VICTORIA State Government

وکٹورین حکومت کا منظور کردہ اور شائع کردہ ہے
Victorian Government, 1 Treasury Place, Melbourne
©State of Victoria, July, 2019

سمائل سکواڈ کیا ہے؟

سمائل سکواڈ وکٹورین حکومت کے مالی وسائل سے چلنے والا ایک پروگرام ہے جو وکٹوریا میں تمام پبلک پرائمری اور سیکنڈری سکولوں کے طالبعلموں کو دانتوں کی مفت دیکھ بھال فراہم کرے گا۔

یہ 321.9 ملین ڈالر کا پروگرام ہے جس کے تحت ایک سکول ڈینٹل وین عنقریب آپ کے علاقے میں آنے والی ہے۔ایک خوش مزاج ڈینٹل ٹیم آپ کے بچے کو مفت سالانہ دانتوں کا معائنہ، اور اگر ضرورت ہوئی تو مزید دیکھ بھال، فراہم کرے گی۔

سکول میں دانتوں کی مفت، معیاری دیکھ بھال حاصل کرنے کے چار آسان مراحل

پہلا مرحلہ
آپ اپنی رضامندی دیتے ہیں

دوسرا مرحلہ
آپ کا سکول معائنے کا وقت طے کرتا ہے

تیسرا مرحلہ
اگر علاج کی ضرورت ہو تو آپ علاج کے لیے رضامندی دیتے ہیں

چوتھا مرحلہ
آپ کا سکول علاج کے لیے وقت طے کرتا ہے

کون اس کا اہل ہے؟

وکٹوریا میں سرکاری پرائمری، سیکنڈری یا سپیشل سکولوں میں پڑھنے والے تمام طالبعلم۔

میرا بچہ اس پروگرام کے لیے کیسے رجسٹر کر سکتا ہے؟

پروگرام کے بارے میں معلومات، اور دانتوں کی صحت کے معائنے اور روک تھام کی غرض سے فعال دیکھ بھال کے لیے ابتدائی رضامندی کے فارم، سکول کے ذریعے تقسیم کیے جائیں گے۔

میرے بچے کا معائنہ کب اور کیسے ہو گا؟

سمائل سکواڈ ٹیم پہلے آپ کے سکول میں آ کر دانتوں کی صحت کے معائنے اور فعال دیکھ بھال فراہم کرے گی۔ جب آپ کے بچے کی باری آئے گی تو عملہ آ کر اسے کلاس سے لے جائے گا۔ ابتدائی معائنے کے بعد اگر علاج کی ضرورت ہو تو انفرادی علاج کا پلان بنایا جائے گا اور اسے علاج کے لیے رضامندی فارم کے ساتھ گھر بھیجا جائے گا۔

کیا مجھے اپنے بچے کے ساتھ آنا ہو گا؟

آپ کو اپنے بچے کے ساتھ آنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم اگر آپ چاہیں تو ہم ایسی اپائنٹمنٹ دے سکتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ آ جائیں۔

اس پر کتنا خرچ ہو گا؟

سمائل سکواڈ تمام طالبعلموں کے لیے مفت پروگرام ہے۔ اس میں سالانہ دانتوں کی صحت کا معائنہ، روک تھام کی غرض سے فعال دیکھ بھال اور اگر ضرورت ہو تو مزید علاج شامل ہے۔
نوٹ: *اس پروگرام میں آرتھوڈونٹک علاج یا خوبصورتی کے لیے دانت ٹھیک کروانا شامل نہیں ہے۔*

میں مزید معلومات کے لیے کہاں رابطہ کر سکتا/سکتی ہوں؟

smilesquad.vic.gov.au دیکھیں

اگر میرے بچے کی اشّد فوری ضروریات ہوں/اسکے دانتوں میں درد ہو تو؟

اگر آپ کے بچے کے دانتوں میں درد ہو تو اپنے قریبی ڈینٹسٹ یا کمیونٹی ڈینٹل کلینک میں مدد کے لیے رابطہ کریں۔

اپنے قریبی کلینک کا پتہ معلوم کرنے کے لیے
دیکھیں: https://www.dhsv.org.au/clinic-locations/community-dental-clinics